ماڈیول ۹

حدیث نمبر 10

حلال کمائی اور دعا کی قبولیت

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "اے لوگو! بے شک اللہ پاک ہے اور صرف پاک چیز ہی قبول کرتا ہے، اور اللہ نے مؤمنین کو وہی حکم دیا ہے جو انبیاء کو دیا۔ اللہ نے فرمایا: 'اے رسولو! پاک چیزیں کھاؤ اور اچھے اعمال کرو، میں جو کچھ تم کرتے ہو اس سے خوب واقف ہوں۔' اور اللہ نے یہ بھی فرمایا: 'اے ایمان والو! ہمارے دیے ہوئے رزق میں سے پاک چیزیں کھاؤ۔'

پھر نبی ﷺ نے ایک آدمی کا ذکر کیا جو لمبا سفر کرتا ہے، جس کے بال بکھرے ہوئے ہیں، کپڑے دھول سے اٹے ہوئے ہیں۔ وہ اپنے دونوں ہاتھ آسمان کی طرف اٹھاتا ہے اور کہتا ہے: 'یارب! یارب!' مگر اس کا کھانا حرام ہے، اس کا پینا حرام ہے، اس کا لباس حرام ہے، اور اس کی پرورش حرام مال سے ہوئی ہے۔ تو اس کی دعا کیسے قبول کی جائے؟

اس حدیث کا مقصد حلال روزی کی اہمیت کو اجاگر کرنا ہے، کیونکہ حرام مال دعا کی قبولیت میں رکاوٹ بنتا ہے۔

حلال کمائی کی اہمیت

حلال کمائی اور عمل صالح کے درمیان گہرا تعلق ہے۔ جب انسان حلال روزی اختیار کرتا ہے تو نیک اعمال کرنا آسان ہو جاتا ہے۔ حرام مال انسان کی نیکیوں کو بے اثر کر دیتا ہے، اور اس کا صدقہ و خیرات اللہ کے ہاں قبول نہیں ہوتا۔ ہر حلال چیز پاکیزہ اور ہر حرام چیز ناپاک ہے۔ سود، جوا کے مال، چوری کا مال، یہ سب حرام ہیں۔ ایسے آدمی کا صدقہ خیرات قبول نہیں ہوگا۔

حدیث نمبر 11

مشکوک چیزوں سے اجتناب

دوسری حدیث میں حسن بن علی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "جو چیز تمہیں شک میں ڈالے اسے چھوڑ دو اور وہ چیز اختیار کرو جس میں کوئی شک نہ ہو۔" اس حدیث کا مقصد مشکوک چیزوں سے دور رہنا ہے تاکہ انسان کا ایمان محفوظ رہے۔

حدیث کا یہ عظیم قاعدہ ہمیں سکھاتا ہے کہ شک والی چیز کو چھوڑ دینا چاہیے اور صرف اُس چیز کو اپنانا چاہیے جو یقیناً پاک اور صاف ہو۔ اگر کپڑوں کے بارے میں شک ہو کہ وہ ناپاک ہیں، تو بہتر ہے کہ دونوں کپڑوں کو چھوڑ کر نئے اور یقیناً پاک کپڑے استعمال کیے جائیں۔ اسی طرح اگر پانی کے بارے میں شک ہو کہ وہ پاک ہے یا نہیں، تو اُس پانی کو چھوڑ کر یقیناً پاک پانی استعمال کرنا چاہیے۔ جائے نماز کے بارے میں اگر شک ہو کہ وہ پاک ہے یا ناپاک، تو اُسے چھوڑ کر نئے اور صاف چادر یا کپڑے پر نماز پڑھنی چاہیے۔ یہ حدیث زندگی کے مشکل معاملات کو آسان بناتی ہے۔ مشکوک چیز کو چھوڑنا اور جو یقیناً پاک اور صاف ہو اُسے اپنانا زندگی کو آسان بناتا ہے۔

حدیث نمبر 12

غیر متعلقہ امور سے اجتناب

ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "اسلام کی خوبی یہ ہے کہ آدمی ان چیزوں کو چھوڑ دے جن کا اس سے کوئی تعلق نہیں۔" اس حدیث کا مقصد یہ ہے کہ وقت ضائع کرنے والی چیزوں سے بچا جائے اور مفید کاموں میں مشغول رہا جائے۔

امر بالمعروف اور نہی عن المنکر

اسلام میں بھلائی کا حکم دینا اور برائی سے روکنا ایک اہم فریضہ ہے۔ ہر مسلمان کی ذمہ داری ہے کہ وہ اپنی استطاعت کے مطابق لوگوں کو نیکی کی دعوت دے اور برائی سے روکے۔ یہ عمل لایعنی چیزوں میں شامل نہیں ہے بلکہ یہ انسان کی آخرت کی کامیابی کا ذریعہ ہے۔

Hadith number 10

Halal Kamai Aur Dua Ki Qabooliyat

Abu Hurairah رضي الله عنه se riwayat hai ke Rasoolullah ﷺ ne farmaya:"Aey logon! Beshak Allah paak hai aur sirf paak cheez hi qabool karta hai, aur Allah ne momineen ko wahi hukm diya hai jo anbiya ko diya. Allah ne farmaya:'Aey Rasool! Paak cheezein khao aur ache amal karo, main jo kuch tum karte ho usse khoob waaqif hoon.'Aur Allah ne yeh bhi farmaya:'Aey imaan walon! Hamare diye hue rizq mein se paak cheezein khao.'

Phir Nabi ﷺ ne ek aadmi ka tazkira kiya jo lamba safar karta hai, jis ke baal bikharay hue hain, kapde dhool se latpat hain. Wo apne dono haath aasman ki taraf uthata hai aur kehta hai:
'Ya Rabb! Ya Rabb!'
Magar uska khana haram hai, uska peena haram hai, uska libaas haram hai, aur uski parwarish haram maal se hui hai. Toh uski dua kaise qabool ki jaayegi?"

Is hadith ka maqsad halal rozi ki ahmiyat ko ujagar karna hai, kyun ke haram maal dua ki qubooliyat mein rukaawat banta hai.

Halal Kamai Ki Ahmiyat

Halal kamai aur amal-e-salih ke darmiyan gehra ta'luq hai. Jab insaan halal rozi ikhtiyar karta hai to naik aamaal karna asaan ho jata hai. Haram maal insaan ki naikiyon ko be-asar kar deta hai, aur uska sadqa wa khairat Allah ke haan qabool nahi hota. Har halal cheez pakiza aur har haram cheez napak hai. Sood, jua kay maal,choori ka maal, yeh sab haram hai. Aise admi ka sadka khairaat qabool nahi hoga.

Hadith number 11

Mashkook Cheezon Se Ijtinab

Hasan bin Ali رضي الله عنه bayan karte hain ke Rasool Allah ﷺ ne farmaya: "Jo cheez tumhein shak mein dale usay chhor do aur wo cheez ikhtiyar karo jisme koi shak na ho." Is hadith ka maqsad mashkook cheezon se door rehna hai taake insaan ka imaan mehfooz rahe.

Hadees ka yeh azeem qaida humein sikhaata hai ke shakk wali cheez ko chor dena chahiye aur sirf us cheez ko apnana chahiye jo yaqeenan paak aur saaf ho۔ Agar kapron ke bare mein shak ho ke wo najas hain, to behtar hai ke dono kapron ko chor kar naye aur yaqeenan paak kapre istemal kiye jayein۔ Isi tarah agar paani ke bare mein shakk ho ke wo paak hai ya nahi, to us paani ko chor kar yaqeenan paak paani istemal karna chahiye۔ Jaaye namaz ke bare mein agar shak ho

ke wo paak hai ya najas ،to usay chor kar naye aur saaf chadar ya kapre par namaaz parhni chahiye۔

Ye hadees zindagi ke mushkil maamlaat ko aasaan banati hai۔ Mushkook cheez ko chorna aur jo yaqeenan paak aur saaf ho usay apnana zindagi

Hadith number 12

Ghair Mutaliq Umur Se Ijtinab

Abu Huraira رضي الله عنه se riwayat hai ke Rasool Allah ﷺ ne farmaya: "Islam ki khoobi yeh hai ke aadmi un cheezon ko chor de jinka us se koi ta’luq nahi." Is hadith ka maqsad yeh hai ke waqt zaya karne wali cheezon se bacha jaye aur mufeed kaamon mein mashghool raha jaye.

Amr Bil Maroof Aur Nahi Anil Munkar

Islam mein bhalayi ka hukum dena aur burayi se rokna ek ahem fariza hai. Har musalman ki zimmedari hai ke wo apni istitaat ke mutabiq logon ko naiki ki dawat de aur burayi se roke. Yeh amal la yaani cheezon mein shaamil nahi hai balki yeh insaan ki aakhirat ki kamiyabi ka zariya hai.